امام صادقؑ آنلائن مدرسہ

بسم الله الرحمن الرحيم

درس:٦

(فصل سوم)

استاد کی خصوصیات

انسانیت کی تعمیر و علمی ارتقاء میں اساتذہ کا بنیادی کردار ہے، جو اپنے علم کے ذریعے عقل کو روشن کرنے کا ہنر سکھاتے آئے ہیں۔

اساتذہ قوم کے وہ معمار ہیں جو اہم ترین فریضہ سرانجام دیتے آئے ہیں۔:

- نوجوانوں کی سیرت کو سنوارنا
- انہیں مستقبل کے چیلنجوں کا مقابلہ کرنا سکھانا
- ان کی کردار سازی کرنا

چونکہ استاد کی اہمیت اور اسکے علم و اخلاق کے اثرات انسان کی زندگی اور معاشرہ پر بہت زیادہ ہیں اس لئے ضروری ہے استاد کے انتخاب میں انتہائی محتاط رہیں، جیسے مصنفؒ نے فرمایا: ہمارے منتخب استاد میں درج ذیل خصوصیات ہونی چاہئے:

- اعلم ہو
- متقی و صاحب ورع ہو
- باتجربہ ہو و سن رسیدہ ہو

اس نکتہ سے بھی غافل نہ رہیں کہ استاد کو انتخاب کرنے سے پہلے **مشورہ** کریں اور اگر کسی شہر میں پڑھنے جانا چاہتے ہیں تو اس کام میں جلدی نہ کریں اور اطمینان سے فیصلہ کریں اور کہیں ایسا نہ ہو کہ جلد بازی میں بغیر تحقیق کے کسی استاد کے پاس علم سیکھنے چلے جائیں اور پھر استاد کو چھوڑنا پڑ جائے، اس طرح برکت بھی ختم ہو جاتی ہے۔

ImamSadiq.tv

فصل سوم: علم، استاد اور دوستوں کا انتخاب کیسے کیا جائے؟

طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ مختلف علوم میں سے بہترین علم کا انتخاب کرے۔

ایسے علم کو حاصل کرے جو فی الحال امور دین میں کام آئے اور بعد میں وہ علم حاصل کرے جسکی بعد میں ضرورت پڑ سکتی ہو۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

تمام علوم پر علم توحید کو مقدم رکھے اور دلیل اور استدلال کے ذریعہ حاصل کرے۔

درج ذیل نکات پر توجہ کرے:

۱۔پرانی چیزوں کو نئی چیزوں پر مقدم رکھا جائے۔یعنی اس چیز کو اختیار کرے جس پر یقین ہو اور اس چیز کو اختیار نہ کرے جس کے بارے میں شک ہو، یا دوسرے الفاظ میں اس روش کو اپنائے جو آزمائی ہوئی ہو اور علماء اس روش کو اپنا چکے ہوں اسی لیے مصنف نے کہا(علیکم بالعتیق)۔

۲۔اور متون (یعنی جو کتاب کا متن ہے اسے پڑھے)اور اسے اختیار کرے اور اصلی متن کو لے نہ کہ حواشی پے توجہ دے، یا بہ الفاظ دیگر، ضروری ہے کہ اصلی چیز کو اختیار کیا جائے نہ کہ فرعی اور جانبی چیزوں کو۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv